© rasailojaraid.com



# نفاذِ اسلام!

مسئلہ ختم نبوت، مسلمانوں کے فکر وعمل تحریک اور جہد وجہد کی آخری بنیاد ہے۔ امت مسلمہ کے دل کی آواز اور شہداء کے مقدس خون کی پکار ہے۔ دینی کارکن اسی روحانی پکار پر لبیک کہتے ہوئے اسلامی وانقلابی تحریک کو از سر نو مرتب کریں اور خالص اسلامی آئین کے نفاذ کیلئے منظم ہو کر سروں پر کفن باندھ کر میدان عمل میں آجائیں۔

نصف صدی ''اسلامی مملکت پاکستان'' کا نعرہ لگایا گیا جو خواب پریشان بن کر بکھر گیا۔ لادین حکمرانوں، اور سیاست دانوں نے اسلام کی جگہ کافرانہ جمہوریت کو مسلط کیا، بے دین آمریت کا وبال خریدا، شرم وحیاء اور غیرت کا جنازہ نکالا اور اسلام کو انتظار گاہ میں قید کرنے کی کوشش کی۔

اب بھی اسلام کا نعرہ لگا کر سیکولرازم کی لعنت خریدی جارہی ہے۔ مظلوم اسلام کی تذلیل کر کے یہود ونصاریٰ کی طرح شیطانی مطالبات کی تکمیل ہو رہی ہے۔ قوم، موجوزہ اور مروجہ نظام سیاست کے کفریہ خونی پنجوں میں جکڑی ہوئی ہے۔ اسلامی آئین بہ تشریح ختم نبوت کی ہمہ گیر دینی وانقلابی جدوجہد کے سوا دنیا کی کوئی طاقت، اس ظلم، دھوکے اور فریب سے نجات نہیں دلا سکتی۔

یا ایھا الذین اٰمنوا ادخلوا فی السلم کافۃ ولاتتبعوا خطوٰت الشیطٰن انہ لکم عدو مبین (پ۲، البقرہ)

''اے اہل ایمان! اسلام کے دائرہ میں پورے پورے داخل ہو جاؤ اور شیطان کے نقش قدم کی پیروی نہ کرو۔ یقیناً وہ تمہارا کھلا دشمن ہے''۔

جانشین امیر شریعت سید ابوذر بخاری رحمہ اللہ

(''الاحرار'' نومبر ۱۹۷۰ء)

# ہماری جدوجہد

احرار ساتھیو! ماحول کی کدورت، سیاسی مسخروں اور نیٹ کھٹوں کی عفونت سے بددل نہ ہوں۔ اپنے اسلاف کی طرح کمر ہمت باندھ لیں اور دیوانوں کی طرح اپنے ماحول میں پھیل جائیں، احرار کے پرچم کو لہراتے ہوئے، ختم نبوت کی شمع جلاتے ہوئے ظلمتوں کو چیر ڈالیں، مخالفتوں اور مزاحمتوں کا منہ توڑ دیں، دین حق کا نور بکھیریں، بیگانوں کو اپنا بنالیں حکومت الٰہیہ کے قیام کیلئے سرتوڑ اور ان تھک جدوجہد کریں۔ جماعت کے منشور و دستور کی پابندی کریں اور دینی حاکمیت کے مقدس مشن کی تکمیل کیلئے جانبازوں کی طرح ایثار کریں اور محشر میں رحمت اللعالمین ﷺ کے پرچم لواء الحمد کے سایہ میں اپنا مقام بنالیں۔

ساتھیو، اٹھو! آندھیوں میں چراغ جلاؤ اور تاریکیوں میں نور پھیلاؤ۔ احرار وفادارو! وفا کے دیپ جلاؤ، نہ گھبراؤ، نہ ڈگمگاؤ، تاریکی چھٹنے والی ہے اور صبح ہونے والی ہے۔ ہماری آس کا سورج طلوع ہونے والا ہے۔ (ان شاء اللہ) اور ہم دشمن پر قہر الٰہی بن کر ٹوٹ پڑیں گے۔

آؤ لہرائیں فضاؤں میں علم احرار کا
وقت پھر طالب ہوا قربانی و ایثار کا

ابن امیر شریعت سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ

© rasailojaraid.com